ماہنامہ

# اخبار احمدیہ

مغربی جرمنی

مدیر- مغفور احمد | اکتوبر ۱۹۸۶ء | اخاء ۱۳۶۵ھ | کتابت- نصر اللہ ناصر

## حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا:-

کون کون میری جماعت میں سے نہیں:

"جو شخص جھوٹ اور فریب کو نہیں چھوڑتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص دنیا کے لالچ میں پھنسا ہوا ہے اور آخرت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے اور جو شخص درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم نہیں رکھتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص پورے طور پر ہر ایک بدعملی سے اور ہر ایک بدی سے شراب سے قماربازی سے، بدنظری سے اور خیانت سے، رشوت سے اور ہر ایک ناجائز تصرف سے توبہ نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔"

(کشتی نوح صفحہ ۱۸)

## تیسرے سالانہ یورپین اجتماع پر تشریف لانیوالے مہمانوں کی خدمت میں

## اَھلاً وَّسَھلاً وَّمَرحَباً

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق امسال یورپین اجتماع مؤرخہ ۲۴، ۲۵، ۲۶ اکتوبر نلسرباغ اگروس گیراؤ منعقد ہو رہا ہے۔

ہم اپنے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

اس اجتماع میں شمولیت کی تیاری کریں، شوق اور رغبت اور دلی دعاؤں سے اجتماع میں شرکت فرمائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؓ نے فرمایا:

"جو نمائندے ان اجتماعوں میں شامل ہوں گے وہ ایک نئی روح اور نئی زندگی لے کر واپس جائیں گے۔"

ایک موقعہ پر آپ نے فرمایا تھا۔

"یہ اجتماع نفس کی اصلاح کا ایک بہت بڑا ذریعہ اور بہترین سبق ہے اس لئے احمدی نوجوانوں کو اسطرف پوری توجہ دینی چاہیئے۔"

پس خدام بھائیو! اجتماع کی کامیابی کیلئے ابھی سے دعائیں شروع کر دیں کیونکہ ہمارا اوّل و آخر دعا ہے۔ تمام تدبیروں کے بالے دُعا کے شہتیر پہ اٹکے ہوئے ہیں۔ آپ کی بے قرار دعائیں ہی ہیں جو اجتماع کو کامرانی سے ہمکنار کریں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

(نیشنل قائد)

## جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کی چھٹی مجلس شوریٰ کیلئے تیاری کریں

مجلس شوریٰ مؤرخہ ۲۱، ۲۲، نومبر ۱۹۸۶ء بمقام بیت النصر (کولون مشن) منعقد ہوگی۔ صدران واحباب جماعت کی خدمت میں درج ذیل ہدایات فوری تعمیل کی درخواست کیساتھ پیش کی جارہی ہیں۔

(۱) صدر جماعت (شرکت لازمی ہوگی۔ کسی مجبوری کی صورت میں اپنی جگہ ایک نمائندہ کا انتخاب کروائیں۔

(۲) ہر دس ممبرانِ جماعت پر ایک نمائندہ کا انتخاب کیا جائے۔

مثال:- جماعت میں ۱۰ ممبران = صدر جماعت خود ہی نمائندہ ہونگے۔

۱۱ سے ۲۰ = صدر جماعت + ایک نمائندہ

۲۱ سے ۳۰ = صدر جماعت + ۲ نمائندگان

ا- انتخابِ نمائندگان، مقامی جماعت کے اجلاسِ عام میں ہوگا۔ حاضری کا کورم 50 % ہے۔

ب- انتخاب میں انہی افرادِ جماعت کو رائے دینے کا حق ہوگا جو باشرح اور باقاعدہ چندہ دہندہ ہوں گے یا ایسے کم شرح سے چندہ دہندہ افراد جنہوں نے اس غرض سے اجازت حاصل کی ہے۔ ایسے افراد رائے دے سکتے ہیں مگر منتخب نہیں ہو سکتے۔

ج- نمائندگان جن کا انتخاب کیا جائے وہ بھی باشرح اور باقاعدہ چندہ دہندہ ہوں اور اُن کے ذمہ کوئی بقایا نہ ہو۔ (بقایادار سے مراد ۳ ماہ کا چندہ عام یا حصہ آمد ادا نہ کر سکنے والا یا چندہ جلسہ سالانہ کا بقایا

بقیہ صفحہ 8

# انٹرنیشنل مجلسِ شوریٰ برموقع جلسہ سالانہ برطانیہ

جلسہ سالانہ برطانیہ کے بعد مؤرخہ ۲۸، ۲۹ جولائی ۱۹۸۶ء بروز سوموار و منگل اسلام آباد سینٹ ٹلفورڈ میں دو روزہ انٹرنیشنل مجلسِ شوریٰ منعقد ہوئی جس میں ۵۰ ممالک کے نمائندگان نے شرکت کی۔ کاروائی انگریزی میں ہوئی۔ تمام اجلاس حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صدارت میں ہوئے۔ اس مجلس کی کاروائی کا خلاصہ افادۂ احباب کیلئے ادارہ النصر اپنی ذمہ داری پر پیش کر رہا ہے۔ (ایڈیٹر)

**پہلا اجلاس:۔** ۲۸ جولائی بروز سوموار صبح ۱۰ بجے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی زیرِ صدارت پہلے اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم حافظ مظفر احمد صاحب پروفیسر جامعہ احمدیہ ربوہ نے کی۔ بعدہٗ حضور انور نے اجتماعی دعا کرائی۔ اسکے بعد حضور انور نے مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب (مصری احمدی) کو معاونت کے فرائض ادا کرنے کیلئے سٹیج پر بلایا۔ موصوف نے مطبوعہ ایجنڈا پڑھ کر سنایا۔ ایجنڈا کی ایک ایک شق کو زیر بحث لایا گیا۔ زیر بحث مسائل اور اُن پر ہونے والی بحث کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

**صد سالہ جوبلی کا جلسہ:۔** سب سے پہلے ہونیوالی ۱۹۸۹ء میں صد سالہ جوبلی کے جلسہ کا مسئلہ زیر بحث آئی۔ حضور انور نے نمائندگان سے مشورہ طلب کرنے اور ہدایت دینے کے بعد جوبلی جلسہ کی عالمگیر تشہیر کیلئے ایک مرکزی پبلک ریلیشنز کمیٹی کی تقرری فرمائی۔ کمیٹی کا صدر مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خانصاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور پاکستان کو مقرر فرمایا۔ اسی طرح جوبلی جلسوں کے انتظامات کیلئے ایک مرکزی کمیٹی مقرر فرمائی اور اسکا صدر چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ کو مقرر فرمایا۔ نیز فرمایا کہ وکیل اعلیٰ کی عدم موجودگی میں مکرم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب ڈائریکٹر عالمی بینک امریکہ صدر ہوں گے۔

**وقف زندگی:۔** دوسرے نمبر پر وقف زندگی کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ مشورہ طلب کرنے سے قبل حضور انور نے فرمایا کہ واقفین زندگی تمام ممالک سے آنے چاہئیں۔ حکومت پاکستان کی طرف سے پیدا کردہ مشکلات کے پیش نظر مختلف ممالک میں ریجنل جامعہ احمدیہ قائم ہونے چاہئیں۔ پھر فرمایا وقف زندگی سب سے بہترین پیشہ ہے جو انسان اختیار کر سکتا ہے۔ ایسے لوگوں کو اطمینانِ قلب کی عظیم نعمت نصیب ہوتی ہے۔ نیز فرمایا۔ کہ کوشش کی جائے کہ متمول گھرانوں کے بچے زندگیاں وقف کریں۔

وقف زندگی کے متعلق حضور انور کے ارشادات سنکر اُردن کے عرب نمائندہ مکرم طٰہٰ قزق صاحب نے حضور انور کی خدمت میں نہایت اخلاص سے عرض کیا کہ ایک مبلغ کے تیار کرنے پر جتنے اخراجات ہوتے ہیں اُنہیں دیئے جائیں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ادا کر دینگے۔ جزاہ اللہ تعالیٰ۔

**خطبہ جمعہ کے تراجم:۔** تیسرے نمبر پر یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ کس طرح حضور انور کا خطبہ جمعہ تمام زبانوں میں ترجمہ کر کے متعلقہ احباب جماعت تک پہنچایا جائے تاکہ تمام ممالک کے احمدیوں کو حضور انور کے ارشادات کا ان کی اپنی زبان میں علم حاصل ہو۔ اس سلسلہ میں حضور نے فرمایا کہ ہر ملک سے مقامی زبان میں ترجمہ کرنے کی اہلیت رکھنے والے دوستوں کے نام مرکز کو بھجوائے جائیں۔

**قواعد شوریٰ کی کتابی شکل میں اشاعت:۔** یہ مسئلہ بھی زیر بحث آیا کہ مجلس شوریٰ کے نمائندگان کی تربیت کیلئے انٹرنیشنل مجلسِ شوریٰ کے قواعد و ضوابط پر مشتمل ایک کتابچہ شائع کیا جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ گذشتہ سالوں میں مختلف ممالک میں جو مجالسِ شوریٰ حضور کی صدارت میں منعقد ہوئیں ان میں حضور نے اس سلسلہ میں مفصل ہدایات دی ہیں اُنہیں جمع کر کے نظر ثانی کے ساتھ شائع کر دیا جائے۔

**ہفت روزہ النصر لندن:۔** ایجنڈا کی ایک تجویز یہ تھی کہ یورپین ممالک کو روز مرہ جماعتی خبروں سے آگاہ کرنے کیلئے ایک ہفت روزہ شائع کیا جائے۔ حضور نے فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ لندن سے شائع ہونیوالے ہفت روزہ النصر سے ٹھیک طور پر فائدہ نہیں اُٹھایا جا رہا۔ النصر دراصل "الفضل" کا ایک طرح کا بدل ہے۔ اسے الفضل کا نام اسلئے نہیں دیا گیا تاکہ کسی قسم کا غلط تاثر پیدا نہ ہو، ورنہ النصر کی اشاعت کا مقصد وہی ہے جو کہ الفضل کا تھا۔ نیز فرمایا کہ ہر ملک کے امیر کا فرض ہے کہ النصر کا مکمل طور پر اپنی مقامی زبان میں ترجمہ کر کے سب افرادِ جماعت تک پہنچانے کا انتظام کرے۔ اسی طرح فرمایا کہ ہفتہ وار کیمپ لندن کی طرف سے شائع ہونیوالے خصوصی نیوز بلیٹن سے بھی پوری طرح فائدہ اُٹھایا جائے۔

**اسلام آباد بکڈپو:۔** ایک تجویز یہ تھی کہ لندن میں ایک ایسا بکڈپو ہو جو روزانہ کچھ وقت کیلئے کھلے جہاں سے حسب ضرورت سلسلہ کی کتب و دیگر لٹریچر دستیاب ہو سکے۔ حضور نے فرمایا کہ اسلام آباد میں مستقل طور پر ایک بک ڈپو قائم کر دیا گیا ہے جو روزانہ سارا دن کھلا رہتا ہے اور یہاں سے تمام جماعتی لٹریچر مل سکتا ہے۔ نیز فرمایا کہ ہر ملک کا فرض ہے کہ وہ اپنے مقامی مشنوں میں بھی بکڈپو قائم کرے جہاں سے

احباب جماعت اور دوسرے لوگوں کو لٹریچر مل سکے۔ فرمایا کہ اس غرض کیلئے اگر مقامی طور پر خرچ پورا کرنا مشکل ہو تو مرکز کو اطلاع دی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسکا انتظام کر دیا جائے گا۔

## جرنلزم کی طرف توجہ کی ہدایت:

ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ جماعت کے نوجوانوں کو چاہیئے کہ وہ جرنلزم کی تعلیم حاصل کرنیکی خاص طور پر کوشش کریں اسطرح وہ جماعت کے نشر و اشاعت کے کام میں بہت مفید کردار ادا کر سکیں گے۔

## مرکزی سپینش ڈیسک:

ایجنڈا کی ایک تجویز یہ تھی کہ سپین سے باہر جہاں جہاں سپینش لوگ آباد ہیں انہیں مؤثر طور پر تبلیغ اسلام کرنے کیلئے مرکزی طور پر کوئی انتظام کیا جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اسلام آباد سنٹر میں اب تک کئی زبانوں کے ڈیسک قائم ہو چکے ہیں۔ اب انشاء اللہ سپینش ڈیسک بھی قائم کر دیا جائیگا۔ ایک سوال کے جواب میں حضور نے فرمایا کہ ان ڈیسکوں کے مقاصد یہ ہیں کہ اوّل جن جن زبانوں میں اب تک ہمارے پاس لٹریچر موجود نہیں ان میں لٹریچر تیار کیا جائے۔ چنانچہ اس وقت سب سے اہم اور زیادہ بولی جانیوالی 18 زبانوں کو منتخب کرکے ان میں اسلام اور احمدیت کے ابتدائی اور ضروری تعارف پر مشتمل لٹریچر تیار کیا جا رہا ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ ایسے افراد کو تلاش کیا جائے جو مختلف زبانوں میں تراجم کرنیکی قابلیت رکھتے ہیں۔ تیسرا مقصد یہ ہے کہ ایسے افراد کی فہرست تیار کرکے ان سے رابطہ رکھا جائے جو ایک ہی زبان بولتے ہیں لیکن وہ مختلف ممالک میں آباد ہیں خواہ وہ احمدی ہوں یا غیر احمدی۔ حضور نے یہ بھی بتایا کہ بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے کتب تیار کرنے کیلئے بھی ایک ڈیسک بنایا گیا ہے جو مختلف کتب تیار کر رہا ہے۔ سپینش زبان سکھانے کے متعلق فرمایا کہ عنقریب ایسے آڈیو اور ویڈیو کیسٹس تیار کرکے کم از کم خرچ پر مہیا کی جائیں گی جن سے احباب جماعت آسانی کے ساتھ سپینش Spanish زبان سیکھ سکیں۔

## احمدیہ لٹریچر اور کیسٹس کی مکمل کیٹلاگ:

ایک سوال کے جواب میں حضور نے بتایا کہ جماعت کا جتنا لٹریچر دستیاب ہے اسکی مکمل کیٹلاگ Catalogue تیار ہو چکی ہے جو وکالت تبشیر سے مل سکتی ہے۔ اسی طرح تمام کیسٹوں Cassettes کا انڈیکس Index بھی تیار ہو چکا ہے جس کی مدد سے ہر ضرورت مند کے متعلقہ کیسٹ کو آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی وکالت تبشیر سے دستیاب ہے۔

## ہسپتالوں اور سکولوں میں تبلیغی خطابات:

ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ افریقہ میں جماعتی ہسپتالوں اور سکولوں میں Preaching Sermons باقاعدگی سے کروانے کا انتظام ہونا چاہیئے۔

## — وقفہ برائے نماز ظہر و عصر و طعام —

مجلس شوریٰ کا پہلا اجلاس 1/2 1 بجے ختم ہوا۔ اسکے بعد نماز ظہر و عصر حضور انور کی اقتداء میں ادا کی گئیں اور پھر تمام احباب کو کھانا کھلایا گیا

## دوسرا اجلاس:

انٹرنیشنل مجلس شوریٰ کا دوسرا اجلاس حضور انور کی زیر صدارت شام 5 بجے شروع ہوا۔ حضور نے مکرم نوح سونینڈ ہینسن صاحب امیر جماعت احمدیہ ڈنمارک کو معاونت کے فرائض ادا کرنے کیلئے سٹیج پر بلا لیا۔ بعد ازاں جو کارروائی ہوئی اس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

## مبلغین کا مقامی زبان سیکھنا:

ایجنڈا کی ایک تجویز یہ تھی کہ ہر ملک کے مبلغ کو چاہیئے کہ وہ مقامی زبان سیکھنے کی کوشش کرے تاکہ جماعت کا پیغام مؤثر طور پر پہنچا سکے۔ حضور انور نے اس تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مبلغین کو مقامی زبان ضرور سیکھنی چاہیئے۔ حضرت مصلح موعود بھی اسکی خاص تاکید فرمایا کرتے تھے۔ فرمایا کہ مقامی زبان سیکھنے کے بغیر ایک مبلغ کامیابی کے ساتھ اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتا اور اسطرح احمدیت کیلئے نقصان کا موجب بنتا ہے۔ فرمایا۔ میں نے ہدایت کی ہوئی ہے کہ ہر جگہ مقامی زبان کو Official (دفتری) زبان بنایا جائے۔ اگر کوئی مبلغ اس ہدایت کو نظر انداز کرے تو مقامی جماعت کا فرض ہے کہ اس مبلغ کی وساطت سے مرکز کو رپورٹ کرے تاکہ اسکی اصلاح کی جا سکے۔ حضور نے فرمایا کہ مبلغین کو مقامی زبان سکھانے کیلئے مقامی لوگوں کو بھی وقت دینا چاہیئے۔ اسی طرح فرمایا کہ بچوں کی کہانیوں کی کتب کی مدد سے بھی مقامی زبان سیکھی جا سکتی ہے۔

## جامعہ احمدیہ میں مبلغین کو ٹائپنگ اور ڈرائیونگ سکھانے کا انتظام:

ایک تجویز یہ تھی کہ مبلغین کو جامعہ احمدیہ میں تعلیم کے دوران ٹائپنگ اور ڈرائیونگ بھی سکھائی جائے تاکہ بعد میں وہ جماعت کیلئے زیادہ بہتر طور پر کام کر سکیں۔ حضور نے فرمایا کہ سن 1985ء سے جامعہ احمدیہ میں مبلغین کو ٹائپنگ اور ڈرائیونگ سکھانے کا انتظام کیا جا چکا ہے۔ اسی طرح گھوڑ سواری، تیراکی Book Keeping اور مارشل آرٹس بھی سکھائے جا رہے ہیں۔ ایک اور تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اب جامعہ احمدیہ کے طلباء کو کمپیوٹر کی تعلیم دینے کا بھی انتظام کر دیا جائے گا۔ کیونکہ دنیا تیزی سے کمپیوٹر کے دور میں آ رہی ہے۔ اسی طرح فرمایا کہ مبلغین کو جامعہ احمدیہ کے کورس کے ساتھ ساتھ Administration کی تعلیم دینے کا بھی انتظام کر دیا گیا ہے۔

## ہر ملک کو مکمل معلومات بھجوانے کی ہدایت:

مبلغین کی ٹریننگ کے سلسلہ میں حضور نے فرمایا کہ مبلغین کو باہر بھجوانے سے پہلے انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ ملک کے حالات سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے پرانے مبلغین کی رپورٹوں اور فائلوں سے استفادہ کریں۔ اس غرض کیلئے ضروری ہے کہ ہر ملک کا مبلغ اپنے ملک کے تعارف کے متعلق مکمل معلومات مرکز کو بھیجے تاکہ آئندہ آنیوالے مبلغین اس سے استفادہ کر سکیں اسکے ساتھ ہی اپنے ملک میں تبلیغ کے متعلق ضروری ہدایات اور اس ملک کے نمایاں احمدیوں اور اہم جگہوں کی تصاویر بھی بھجوائی جائیں۔ اس سلسلہ میں ایک اور تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مبلغین اپنی تعارفی رپورٹوں میں ملک کے سیاسی حالات اور جماعت کے مخالفین اور موافقین کا بھی ذکر کریں۔

## ٹیچرز اور جرنلسٹس کو تبلیغ کی ہدایت

: ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ انگلستان میں ہم نے محسوس کیا ہے کہ ٹیچنگ کمیونٹی سنجیدگی کے ساتھ مذہب کی باتوں کو سنتی ہے۔ سیاسی لوگوں کی نسبت ان لوگوں میں بیعت کرنے کا بہت زیادہ امکان ہوتا ہے۔ ٹیچرز کو تبلیغ کر کے احمدی ٹیچرز بنائے جاسکتے ہیں اسی طرح جرنلسٹوں کو تبلیغ کر کے انہیں احمدی جرنلسٹس بنایا جاسکتا ہے۔

## امانت فنڈ میں رقوم جمع کرانے کی ہدایت

: جماعتی بینک قائم کرنے کے متعلق تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ احباب جماعت اپنی زائد رقوم دوسرے Banks میں جمع کرانے کی بجائے جماعت کے امانت فنڈ میں جمع کرائیں، کیونکہ اول بینک میں رقوم جمع کرا کر سود لینا حرام ہے۔ دوم سود کھانے والوں کو اولاد کی خرابی کے ذریعہ اور کاروبار کی تباہی کی شکل میں سزا ملتی ہے فرمایا دوسرے مذاہب کے لوگوں کو بعض دفعہ اس دنیا میں سزا نہیں ملتی لیکن ایک احمدی کو اس دنیا میں ہی سزا مل جاتی ہے۔ مزید فرمایا کہ جو رقم سود کی شکل میں ملے وہ مرکز کو اشاعت اسلام کیلئے ضرور بھجوا دینی چاہیئے کیونکہ وہ رقم اپنے لئے استعمال کرنا ناجائز ہے۔ فرمایا کہ لندن میں امانت فنڈ کھولا جا چکا ہے دوسرے ممالک میں بھی حسب حالات کھولا جاسکتا ہے امانت فنڈ میں رقم جمع کرانے کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ رقم جمع کرانے والوں کو کئی رنگوں میں برکت دے گا۔ نیز فرمایا کہ امانت فنڈ میں جمع کرائی گئی رقم پر زکوٰۃ بھی واجب نہیں ہوتی لیکن اگر وہی رقم بینک میں جمع کرائی جائے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی کیونکہ امانت فنڈ میں رقم جمع کرانا ایسا ہی ہے جیسے زکوٰۃ ادا کر دی گئی ہو اور ایسے شخص کو ادائیگی زکوٰۃ کا ثواب بھی حاصل ہوگا۔

## احمدی تاجروں کیلئے نیوز لیٹر

: احمدی تاجروں کی مدد اور رہنمائی کے متعلق ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ احمدی تاجروں کی رہنمائی کیلئے مرکزی طور پر ایک نیوز لیٹر (NEWS LETTER) شائع کرنے کا انتظام کیا جائیگا تاکہ احمدی تاجران بہتر طور پر اور بہتر جگہ سرمایہ کاری کرسکیں۔

## احمدی تاجران کو نائیجیریا کا دورہ کرنے کی ہدایت

: ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ نائیجیریا کے موجودہ حالات اسبات کا تقاضا کرتے ہیں کہ احمدی تاجر نائیجیریا کا دورہ کریں اور وہاں کے احمدی تاجروں کو اپنے تجربہ اور علم کی روشنی میں مشورہ دیں کہ وہ کس طرح بہتر طور پر سرمایہ کاری کرسکتے ہیں۔ فرمایا کہ دورہ کرنے والے احمدی تاجران اپنے فائدہ کیلئے نہیں بلکہ خدمت خلق کے جذبہ کے ساتھ نائیجیریا کے مقامی احمدی تاجروں کے فائدہ کیلئے یہ دورہ کریں۔

## نماز مغرب وعشاء اور کھانا

مجلس شوریٰ کا دوسرا اجلاس شام ۹ بجے ختم ہوا۔ اسکے بعد مغرب وعشاء کی نمازیں حضور انور کی اقتداء میں ادا کی گئیں اور پھر سب احباب کو رات کا کھانا کھلایا گیا۔ بعد ازاں احباب اپنی رہائش گاہوں میں آرام کیلئے چلے گئے۔

## تیسرا اجلاس

: مجلس شوریٰ کا تیسرا اجلاس 29 جولائی بروز منگل صبح ۱۰ بجے حضور انور کی زیر صدارت تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ جو مکرم محمود احمد صاحب شاد مبلغ سلسلہ نے کی۔ اسکے بعد حضور نے اجتماعی دعا کرائی اور پھر حضور نے مکرم عبدالوہاب آدم صاحب امیر و مبلغ انچارج گھانا، مغربی افریقہ کو معاونت کے فرائض ادا کرنے کیلئے سٹیج پر بلا لیا۔ بعد ازاں باقاعدہ کاروائی شروع ہوئی جسکا خلاصہ درج ذیل ہے

## وقف عارضی

: وقف عارضی کی بابرکت تحریک کو فروغ دینے کے متعلق ایک تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا۔ جو لوگ وقف عارضی پر جائیں وہ مقامی لوگوں کے ایڈریس (پتہ جات) حاصل کرکے ان سے مستقل رابطہ رکھیں اور اسطرح مستقل وقف پر عمل پیرا ہوں۔ ایک تجویز پیش ہوئی کہ اگر یورپین احمدی اور عرب احمدی وقف عارضی کرکے افریقی ممالک میں جائیں تو اسکا بہت اچھا اثر ہوسکتا ہے کیونکہ وہاں اکثر یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ نہ تو کوئی یورپین مسلمان ہوسکتا ہے اور نہ ہی کوئی عرب احمدی ہوسکتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اگر کوئی یورپین احمدی خود رقم خرچ نہ کرسکتے ہوں تو ان کا خرچ جماعت ادا کرسکتی ہے لہٰذا ایسے لوگوں کو منتخب کرکے وقف عارضی کیلئے تیار کیا جائے۔

اس پر اُردن کے نمائندہ مکرم طٰہٰ قزق صاحب نے غیر معمولی اخلاص کا مظاہرہ کرتے ہوئے اُسی وقت حضور کی خدمت میں عرض کیا کہ وہ اپنے خرچ پر یوگنڈا کیلئے دو ماہ کے وقف عارضی کیلئے اپنا نام پیش کرتے ہیں۔ مکرم شیخ مبارک احمد صاحب امیر و مبلغ انچارج امریکہ نے ایک امریکن احمدی کو وقف عارضی کیلئے بھجوانے کا وعدہ کیا۔ اسی طرح مکرم آفتاب احمد خان صاحب امیر جماعت احمدیہ برطانیہ نے بھی ایک انگریز احمدی کو وقف عارضی پر بھجوانے کا وعدہ فرمایا۔ فجزاہم اللہ تعالیٰ۔ وقف عارضی کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ وقف عارضی کا مقصد مستقل واقفین کی کمی کو پورا کرنا ہے۔ اسی لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے وقف جدید شروع فرمائی تھی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے محسوس فرمایا کہ اگر ایک آدمی دوسری جگہ چند دن کیلئے جائے تو اس کا بہت اچھا اثر ہوگا کیونکہ وہ تعلیم القرآن، تبلیغ اور مسلسل دعاؤں میں مصروف رہنے کی توفیق پائیگا لیکن اس وقت یہ تحریک زیادہ تر پاکستان تک محدود تھی۔ خلافت رابعہ میں وقف عارضی کی تحریک کو اب بین الاقوامی شکل دیدی گئی ہے دوسرے خصوصی زور تبلیغ پر دیا گیا ہے وقف عارضی کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں فرمایا کہ اگر واقف عارضی دوسروں میں دلچسپی لے گا تو وہ بھی اسمیں دلچسپی لیں گے اور ایسے ہی واقفین عارضی کی ہمیں ضرورت ہے۔ مزید فرمایا کہ وقف عارضی کی سکیم کو نئی نسل اور نئے احمدیوں اور یورپین اور افریقن احمدیوں میں خاص طور پر متعارف کرایا جائے اور انہیں اسمیں شامل ہونیکی تحریک کی جائے۔ مکرم ملک صلاح الدین صاحب ناظر اعلیٰ بھارت نے بتایا کہ وقف عارضی کی سکیم کے ذریعہ حال ہی میں قادیان کے ارد گرد کے چار اضلاع میں ۹۰ سے زائد مقامات پر جماعتیں قائم ہوئی ہیں۔ الحمد للہ علیٰ ذلک۔

## جماعتی عمارات کی حفاظت

: جماعتی عمارات کی حفاظت کے متعلق تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ ہر ملک کے امیر کی ذمہ داری ہے کہ وہ جماعت کی عمارات کی دیکھ بھال اور حفاظت کا خیال رکھے۔ اس غرض کیلئے ہر ملک میں ایک National Inspectorate مقرر کیا جائے جو جماعتی عمارات کی حفاظت کا ذمہ دار ہو۔

**کمپیوٹر کا استعمال:** اکاؤنٹس اور دیگر کاموں کیلئے کمپیوٹر کے استعمال کے متعلق تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے حضور نے بتایا کہ اکاؤنٹس کی Computerisation کے متعلق کینیڈا میں تجربہ شروع کیا جا رہا ہے جسے بعد میں ہر جگہ رائج کیا جائیگا۔ اسی طرح تبلیغ کیلئے جو تجربات جمع کئے گئے ہیں انکے لئے لندن میں کمپیوٹر استعمال کیا جا رہا ہے۔

**تیاری بجٹ:** تیاری بجٹ کے سلسلہ میں حضور نے فرمایا کہ بجٹ کی تیاری سے قبل مجلس عاملہ کے اجلاس میں ترجیحات کو متعین کیا جائے اور پھر اسکے مطابق سالانہ بجٹ بنا کر بھجوایا جائے۔

**وفات مسیح کانفرنس:** اس تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے اسبات پر انتہائی زور دیا ہے کہ وفات مسیح میں حیات اسلام ہے۔ اسلئے اس موضوع پر خصوصیت کے ساتھ زور دینا چاہیئے۔ تاہم وفات مسیح کے موضوع پر انٹرنیشنل کانفرنس کی بجائے ہر ملک میں نیشنل کانفرنس کا انتظام کرنا چاہیئے لیکن اب حضور کی توجہ جوبلی جلسہ کی تقریبات کی طرف ہونی چاہیئے۔

## حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا اختتامی خطاب و دعا

مجلس شوریٰ کے اختتام سے قبل حضور انور نے نمائندگان سے مختصر خطاب فرمایا جس میں جماعت احمدیہ کی علمی فتح اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا ذکر فرمایا اور اسکے ساتھ ہی نمائندگان شوریٰ کو بعض اہم ہدایات دیں۔ آخر میں حضور انور نے اجتماعی دعا کرائی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق اس مجلس شوریٰ کیلئے سیکرٹری کے فرائض مکرم عطاء المجیب صاحب راشد امام مسجد لندن نے ادا کئے اور مکرم سید منصور احمد صاحب ان کے معاون تھے۔

**مارشل آرٹس کی نمائش:** مجلس شوریٰ کے اختتام کے بعد مارشل آرٹس کی ایک خصوصی نمائش ہوئی جسمیں احمدیہ مارشل آرٹس کلب کے صدر مکرم صابر صاحب (امریکن احمدی) نے اپنے زیر تربیت خدام کے ساتھ مل کر اس فن کا مظاہرہ کیا۔ نمائندگان کے علاوہ حضور انور نے بھی اس مظاہرہ کا مشاہدہ فرمایا۔

## نماز ظہر و عصر اور خصوصی لنچ:

مارشل آرٹس کی نمائش کے بعد نماز ظہر و عصر حضور انور کی اقتداء میں جمع کر کے ادا کی گئیں۔ اسکے بعد تمام نمائندگان کیلئے خصوصی لنچ کا انتظام تھا جسمیں حضور انور نے بھی ازراہِ شفقت شرکت فرمائی۔ اجتماعی دعا کے بعد تمام نمائندگان اپنی اپنی قیام گاہوں کو رخصت ہوئے۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

---

**تحریک جدید وہ الہامی تحریک ہے جس کے ثمر سے دنیا کے ہر قوم نے حصّہ پایا ہے۔ وعدہ کنندگان وعدہ تحریک جدید کی سو فیصد ادائیگی کر کے جلد اپنے فرض سے سبکدوش ہوں۔**

پیارے احباب جماعت جرمنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جماعت جرمنی کی جملہ جماعتیں عشرہ تحریک جدید پورے اہتمام کے ساتھ منا رہی ہیں جس کا مقصد احباب جماعت کو اُن ذمہ داریوں کی یاد دہانی کروانا ہے جو تحریک جدید کے کام سے متعلق اُن پر عائد ہوتی ہیں۔

تحریک جدید کے بڑے فیوض۔ آج دنیا بھر میں احمدیت کا جو جال پھیلا ہوا نظر آرہا ہے وہ اسی مقدس تحریک کا ہی مرہون منت ہے۔ اس بابرکت اور الہامی تحریک کے آغاز پر حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا تھا۔

"اگر تم نے احمدیت کو دیانت داری سے قبول کیا ہے تو اے مردو اور اے عورتو! تمہارا فرض ہے کہ تحریک جدید کے اغراض و مقاصد میں میرے ساتھ تعاون کرو۔ زمین و آسمان کا خدا گواہ ہے کہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اپنے نفس کے لئے نہیں کہہ رہا۔ خدا تعالیٰ اور اسلام کے لئے کہہ رہا ہوں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے کہہ رہا ہوں۔ تم آگے بڑھو اور اپنا تن، اپنا من اور اپنا دھن خدا اور اُس کے رسول کے لئے قربان کر دو۔"

اللہ تعالیٰ نے احمدیت کے طفیل آپ پر غیر معمولی فضل فرمایا ہے اپنے مولا کا شکر ادا کرنے کیلئے ضروری ہے کہ اُس کے دین کی اشاعت کی خاطر کئے ہوئے وعدہ تحریک جدید کی جلد سو فیصد ادائیگی کر کے اُس کے حضور میں سرخرو ہوں اور آئندہ چند ہفتوں میں شروع ہونے والے نئے سال میں پہلے سے زیادہ قربانی کے جذبہ کے ساتھ اپنا وعدہ پیش کر کے اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی انعامات سے وافر حصّہ پائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو اور بیش از بیش قربانیوں کی توفیق عطا فرمائے۔

والسلام خاکساران

ملک منصور احمد عمر — مشنری انچارج مغربی جرمنی

عبداللہ واگس ہاؤزر — امیر جماعت احمدیہ جرمنی

# رپورٹ — سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ مغربی جرمنی

مجلس انصاراللہ مغربی جرمنی کا سالانہ اجتماع ۱۳، ۱۴ ستمبر ۱۹۸۶ء بروز ہفتہ اتوار میونخ کے نئے مشن میں منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز ۲ بجے دوپہر زیر صدارت مکرم و محترم حافظ مظفر احمد صاحب نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ تلاوتِ قرآن کریم کے ساتھ ہوا۔ جس کے بعد انصاراللہ کا عہد دہرایا گیا۔ افتتاحی اجلاس میں مکرم عبدالغفور صاحب بھٹی [illegible] مغربی جرمنی نے "انصاراللہ کی ذمہ داریاں" پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس طرح بعد دوپہر چار بجے انصاراللہ کے علمی مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ جن میں مقابلہ تلاوت، نظم، تقریری مقابلہ، مقابلہ دینی معلومات زبانی شامل تھے۔ جن کے نتائج درج ذیل ہیں۔

مقابلہ تلاوت :۔ اول۔ مبشر احمد صاحب باجوہ۔ دوئم: خالد رشید صاحب۔ سوئم: محمود احمد صاحب

مقابلہ نظم :۔ " ۔ خالد رشید صاحب " ۔ مبشر احمد صاحب باجوہ سوئم۔ محمود احمد صاحب

مقابلہ دینی معلومات زبانی :۔ اول۔ ناز احمد صاحب ناصر دوئم۔ مبشر احمد صاحب باجوہ " ۔ عبدالغفور صاحب بھٹی

مقابلہ تقریر :۔ اول :۔ عبدالغفور صاحب بھٹی زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ دوئم :۔ ناز احمد صاحب ناصر سوئم :۔ شفیق احمد صاحب

پہلے روز کا آخری پروگرام بعد طعام ادائیگی نماز مغرب و عشاء شروع ہوا (جس میں درسِ حدیث مکرم عبدالباسط صاحب طارق مبلغ میونخ مشن) بعد میں مجلسِ شوریٰ منعقد ہوئی۔ مجلس شوریٰ میں انصاراللہ کو افعال بنانے اور تبلیغ کے پروگرام کو مؤثر بنانے کیلئے غور و فکر کیا گیا۔ اس کے بعد مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر نائب صدر انصاراللہ نے شوریٰ کے متعلق ہدایات دیں بالخصوص کمزوریوں کی طرف توجہ دلائی اور انصار کو اپنی ذمہ داریوں کو صحیح رنگ میں نبھانے کی تلقین کی۔ اس موقعہ پر مکرم بشارت احمد صاحب محمود مبلغ کولون مشن نے انتظامیہ کے بارہ میں اظہار خیال کیا۔ مکرم عبدالباسط صاحب طارق مبلغ میونخ مشن نے جرمنوں کیساتھ رابطہ قائم کرنے اور تبلیغ کرنے کی طرف اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اسکے علاوہ مکرم ناز احمد صاحب ناصر اور مکرم مبشر احمد صاحب باجوہ نے اظہار خیال کیا۔

## دوسرا دن مؤرخہ ۱۴ ستمبر

نماز تہجد و نماز فجر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے پڑھائی اس کے بعد درسِ قرآن کریم مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج نے دیا۔ ناشتہ کے بعد ورزشی مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ جن کے نتائج اسطرح ہیں۔

دوڑ سو میٹر :۔ اول۔ محمود احمد صاحب دوئم۔ مبشر احمد صاحب باجوہ

گولہ پھینکنا :۔ " ۔ مبشر احمد صاحب باجوہ " ۔ محمود احمد صاحب

کلائی پکڑنا :۔ " ۔ ماسٹر مقصود احمد صاحب ۔ محمود احمد صاحب دوئم۔ مبشر احمد صاحب باجوہ

پیغام رسانی :۔ اول ٹیم :۔ ناز احمد صاحب ناصر محمد شفیع، شرافت اللہ خان اور محمود احمد صاحبان

اجتماع کا اختتامی اجلاس بعد دوپہر شروع ہوا۔ مکرم بشارت احمد صاحب محمود مبلغ کولون مشن نے برکاتِ خلافت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اس کے علاوہ مبلغ میونخ مشن مکرم عبدالباسط صاحب طارق اور مکرم لئیق احمد صاحب منیر مبلغ ہمبرگ مشن نے بصیرت افروز تقاریر کیں۔ بقیہ صفحہ 8

**اخبار احمدیہ کو مزید بہتر بنانے کے لئے آپ کی تجاویز اور علمی مضامین کا انتظار ہے**

# ہدایات، قواعد وضوابط بابت مجلس شوریٰ جماعت احمدیہ مغربی جرمنی

(آخری قسط)

از طرف مکرم ملک منصور احمد صاحب عمرؔ مشنری انچارج مغربی جرمنی

سب کمیٹی میں نام پیش کرنے کیلئے اگر کسی ممبر نے کسی ایسے دوست کا نام پیش کیا جو شوریٰ کا ممبر نہیں ہے تو نام پیش کرنیوالے کی نمائندگی ختم کی جا سکتی ہے۔

اگر کسی ایسی جماعت کی نمائندگی مجلس شوریٰ میں نہ ہوئی جس جماعت کی کوئی تجویز ایجنڈا میں شامل ہے تو اس جماعت کا محاسبہ کیا جائیگا۔

سب کمیٹی کا کوئی ممبر سب کمیٹی کے فیصلہ کے خلاف مجلس شوریٰ میں رائے دینے کا حق نہیں رکھتا۔ البتہ اگر اس نے مخالف رائے دینے کیلئے سب کمیٹی میں اپنا حق رائے دہندگی محفوظ کروایا ہو تو رائے دے سکتا ہے۔

اگر کسی جماعت کے متعلق یہ ثابت ہوا کہ اس جماعت کی کوئی تجویز اس جماعت کے اجلاس عام میں پیش ہونے کے بغیر مرکز میں ارسال کی گئی ہے تو اُسکا محاسبہ کیا جائے گا۔

زائرین میں سے اگر کسی دوست نے اپنی رائے پیش کی تو اس کا زائر کا پاس منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

مجلس شوریٰ کے کسی اہم اور بصیغہ راز معاملہ کی بحث کے دوران صدر مجلس زائرین کو شوریٰ کے ہال سے باہر بھجوا سکتے ہیں۔

مجلس شوریٰ کے نمائندگان اور زائرین و زائرات کی تربیت میں مجلسِ شوریٰ ایک اہم کردار ادا کرتی ہے حتیٰ کہ اس میں ڈیوٹی دینیوالے بچے بھی تربیت حاصل کرتے اور خدا کے فضلوں کے وارث بنتے ہیں۔

مجلسِ شوریٰ میں نمائندگی نیکی اور تقویٰ کی بناء پر ہوتی ہے البتہ علمی، ذہنی اور تنظیمی صلاحیتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے لیکن وہ ثانوی حیثیت رکھتی ہیں۔

---

# ایڈیٹر روزنامہ "جنگ" کی آگہی کیلئے

(جن کے نزدیک پاکستان میں احمدیوں کے خلاف کچھ نہیں ہوا) سندھ۔ پنجاب اور سرحد میں اختلاف عقائد کی بنا پر موت کے گھاٹ اُتار دیئے جانے والے احمدیوں کے مختصر کوائف:

## سندھ

۱۔ مکرم قریشی عبدالرحمان صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع سکھر — یکم مئی ۱۹۸۴ء کو قتل کئے گئے۔ ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا

۲۔ مکرم چوہدری محمود احمد آف پنوعاقل ضلع سکھر — ۸۵/۲/۹ کو قتل کئے گئے۔ دو قاتل گرفتار ہوئے جن میں سے ایک ضمانت پہ چھوٹ گیا ہے

۳۔ مکرم سید قمر الحق صاحب۔ سکھر — ۸۵/۳/۱۱ کو قتل کئے گئے ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا۔

۴۔ مکرم راؤ خالد سلیمان صاحب سکھر — ۸۵/۵/۱۱ کو قتل کئے گئے کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا۔

۵۔ مکرم چوہدری عبدالرزاق صاحب امیر ضلع نواب شاہ (سندھ) — ۸۵/۸/۷ کو قتل کئے گئے۔ قاتل گرفتار ہے۔

۶۔ مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب آف محراب پور ضلع نواب شاہ — ۸۶/۸/۱۰ کو قتل کئے گئے۔ قاتل گرفتار ہے۔

۷۔ مکرم ماسٹر عبدالحکیم ابڑو صاحب وارہ ضلع لاڑکانہ — ۱۵ اپریل ۱۹۸۵ء کو قتل کئے گئے مقدمہ پہلے مارشل لاء کورٹ میں زیر سماعت تھا اب سول عدالت میں منتقل ہو چکا ہے۔

۸۔ مکرم انعام الرحمان صاحب گوٹھ عبدو ضلع سکھر — ۸۵/۳/۱۵ کو قتل کئے گئے ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا

۹۔ مکرم ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر۔ حیدرآباد (سندھ) — ۸۵/۶/۹ کو قتل کئے گئے ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا

۱۰۔ مکرم چوہدری مقبول احمد صاحب پنوعاقل ضلع سکھر — ۸۶/۲/۱۹ کو قتل کئے گئے ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا۔

۱۱۔ مکرم بابو عبدالغفار صاحب۔ حیدرآباد (سندھ) — ۸۶/۶/۹ کو قتل کئے گئے ابھی تک کوئی قاتل گرفتار نہیں کیا گیا

## پنجاب اور سرحد

۱۲۔ مکرم شیخ ناصر احمد صاحب۔ اوکاڑہ — ۸۶/۳/۹ کو عیدالاضحیٰ کے دن قتل کئے گئے۔ قاتل کو صرف تین سال قید کی سزا سنائی گئی جس میں سے ۲ سال کا حوالاتی پیریڈ منہا کر دیا گیا

۱۳۔ مکرم ڈاکٹر عبدالقادر صاحب فیصل آباد — ۸۵/۶/۱۵ کو قتل کئے گئے۔ قاتل کو عمر قید کی سزا سنائی گئی۔

۱۴۔ مکرم رحمت شاہ صاحب ابن طالع ام صاحب مردان — ۸۶/۵/۹ کو مردان میں قتل کئے گئے۔ قاتل ابھی تک گرفتار نہیں کئے گئے

مقتول کو خواب آیا تھا۔

خاکسار بریگیڈیئر منصور احمد خان (ریٹائرڈ) لاہور (بشکریہ ہفت روزہ لاہور 30/8/86)

صفحہ اوّل سے آگے:۔

ماہ سے زائد بقایادار اور تحریک جدید کا ۳ سال کا بقایادار بھی شوریٰ کا نمائندہ منتخب نہیں ہو سکیگا) لوکل سیکرٹری مال بقایادار نہ ہونے کی تصدیق کریں۔ اگر یہ تصدیق ہمراہ ارسال نہ کی جائے تو اِن نمائندگان کا انتخاب کالعدم سمجھا جائیگا۔

د۔ نمائندہ مخلص اور صائب الرّائے ہو۔

ر۔ جس جماعت کیطرف سے نمائندہ منتخب کیا جائے وہ اُسی جماعت میں چندہ دینے والا ہو۔

س۔ نمائندہ شعارِ اسلامی کا پابند ہو۔

ش۔ کسی نمائندہ کے انتخاب امیر ملک رد کر سکتے ہیں تاہم اس کے خلاف مرکز میں اپیل ہو سکتی ہے۔

ایجنڈا:۔ مجلس شوریٰ میں مندرجہ ذیل ایجنڈا پر غور ہوگا۔

i۔ مجوزہ بجٹ آمد و خرچ

ii۔ تبلیغ، تعلیم و تربیت، مالی قربانی، سمعی بصری، سمیت جماعت کے مختلف شعبوں سے متعلق ملک کی جماعتہائے احمدیہ کی ارسال کردہ تجاویز جن سے کارگزاری کے بہتر ہونے میں مدد ملے۔ طریق کار یہ ہوگا کہ

ا۔ عمومی تجاویز احباب سے جلد از جلد صدر جماعت وصول کریں۔

ب۔ مقامی مجلس عاملہ اپنا اجلاس منعقد کر کے انہیں معین رنگ میں ڈھالے

ج۔ تجاویز مقامی جماعت کے اجلاسِ عام میں پیش کی جائیں اور اگر کثرتِ رائے انہیں ارسال کرنے کے حق میں ہو تب وہ تجاویز مجلسِ شوریٰ میں ارسال کی جائیں

د۔ تجاویز کے حصول اور ترسیل کے سلسلہ میں متذکرہ بالا طریق کی پابندی کی جائے۔

بسلسلہ مجلس شوریٰ آپ مقامی جماعت کا اجلاس جلد از جلد منعقد کریں اطلاع تحریراً سب احباب جماعت کو دی جائے بقایا دار افراد کو مطلع کیا جائے کہ بقایا ادا کر کے ہی اجلاس میں رائے دے سکتے ہیں۔ اس اجلاس میں فیصلہ کر کے اور منتخب کر کے تجاویز اور نمائندگان کے نام بذریعہ سیکرٹری مجلس شوریٰ کے نام مسجد فرانکفورٹ ارسال کر دیں۔ (منسلکہ فارم (ب) واپس ضرور بھجوائیں شکریہ)

۲۵ اکتوبر ۸۶ء (ڈاک کی تاریخ) کے بعد موصول ہونیوالی تجاویز پر غور نہیں ہو سکے گا کیونکہ نیشنل مجلس عاملہ اپنے اجلاس میں غور و خوض کے بعد تجاویز کو مجلس شوریٰ میں پیش کئے جانے کی سفارش کرے گی۔

مجلس شوریٰ کا اجلاس بتاریخ ۲۱ نومبر ۸۶ء بعد دوپہر ۲½ بجے بعد نماز جمعہ شروع ہوگا۔ انشاءاللہ۔ نمائندگان کے قیام و طعام کا بندوبست بیت النصر میں ہوگا البتہ اپنے سرمائی بستر ضرور ہمراہ لائیں۔

سیکرٹری مجلس شوریٰ

کولون مشن کا ایڈریس اور ٹیلیفون نمبر آپ کی سہولت کیلئے:۔

EICHHORN STR 2-4,

5000 KÖLN. / TEL: 0221.713307

## بقیہ رپورٹ اجتماع انصاراللہ

مہمان خصوصی مکرم و محترم حافظ مظفر احمد صاحب اُستاد جامعہ احمدیہ ربوہ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہمارے لئے نمونہ ہے۔ معاشرے کی جملہ بیماریوں سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو اپنایا جائے۔ اور مغربی اقوام کو اسی رنگ میں رنگا جائے۔ اجتماع کا اختتامی خطاب مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر نائب صدر مجلس انصاراللہ مغربی جرمنی کا تھا۔ آپ نے مکرم حافظ صاحب اور مبلغین کرام کی شمولیت کا شکریہ ادا کیا مزید آپنے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ہمیں باہم پیار و محبت کی ایسی فضا قائم کرنی چاہیئے کہ وہ دنیا پر اثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اجتماعات کے انعقاد کا ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے۔ اگر یہ نہیں تو پھر اجتماعات کے انعقاد کا کیا فائدہ ہوا۔ خطاب کے بعد اختتامی دعا مکرم محترم حافظ مظفر احمد صاحب نے کروائی اس طرح خدا تعالیٰ کے حضور نہایت عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ اجتماع کی کارروائی اختتام پذیر ہوا

## ضروری اعلان

چوتھا یوم تبلیغ ۲۵ اکتوبر کی بجائے ۸ نومبر کو ہوگا۔

(اصلاح و ارشاد)

# گذارش بسلسلہ ترسیل رپورٹ کارکردگی ماہانہ

.. مکرم امیر صاحب مغربی جرمنی نے گذشتہ ملکی دورہ میں صدران جماعت کو ماہانہ رپورٹ کارکردگی باقاعدگی سے بھجوانے کا ارشاد فرمایا تھا الحمدللہ کہ اکثریت اس طرف متوجہ ہوئی ہے۔

ہر ماہ موصول ہونیوالی رپورٹوں پر اظہار تشکر اور اطلاع وصولی نیز ابھی تک اس طرف توجہ نہ کر سکنے والی جماعتوں کو یاددھانی کی غرض سے اخبار احمدیہ میں یہ فہرستیں شائع کروائی جاتی ہیں۔ جون، جولائی اور اگست ۱۹۸۶ء کی فہرستیں پیشِ خدمت ہیں۔

.. اس موقعہ پر یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ رپورٹ بھجوانے سے پہلے یہ امور نوٹ کر لیا کریں کہ۔

① آپ کی جماعت کا نام انگریزی حروف میں صاف لکھا ہو اور شہر کا نمبر بھی (Postleitzahl) علاوہ ازیں جس (جماعتی ریجن سے آپ کا تعلق ہے (یعنی ہمبرگ، کولون، میونخ وغیرہ) ② مہینے کا نام اور سنہ بھی لکھا ہوا ہونا چاہیئے ③ صدر جماعت کے دستخط رپورٹ پر ہونے ضروری ہیں۔

.. بعض اوقات رپورٹ فارم ختم ہو جانے پر یہ سلسلہ بند ہو جاتا ہے۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے بلکہ نئے رپورٹ فارم موصول ہونے تک سادہ کاغذ پر ہی اپنی مختصر کارگذاری بھجوا کر نیشنل امارت کیساتھ اپنا رابطہ برقرار رکھئے۔

اللہ تعالیٰ ہم سبکو بیش از بیش خدمتِ دین کی توفیق بخشے آمین ثم آمین۔

عبدالرحیم احمد
جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ جرمنی

## جون

SOEST, BADNEUSTADT. KAISERSLAUTERN. HASELUND, AACHEN, AUGSBURG, SELINGENSTADT. NÜRNBERG, BALINGEN, I DAR-OBERSTEIN, OSNABRÜCK, NORDHOLZ HOMBURG SAAR, MÜNCHEN, JÜLICH-DÜREN ALTONA, RATINGEN, HEIDELBERG, STUTTGART MANNHEIM, DAUN, BADNEUHEIM, PAFAARKIACHEN, DATTELN, HAMM-SIEG, KOBLENZ BORNHEIN, STADE, MINDEN-LÜDENSCHEID BADOLDESLEE, HEILBRONN, FRANKENTHAL HÖCHST, BERG-GLADBACH, UNI.CENTER.

## جولائی

SOEST, KEISERSLAUTERN, HASELUND, NÜRNBERG, IDAR-OBER STEIN, JÜLICH-DÜREN, MANNHEIM, DAUN, BADNEUHEIM PFARRKIRCHEN, BORNHEIM, STADE, HÖCHST, SCHWALBACH, NEUMÜNSTER, BABENHAUSEN, TRIER, HAMELN, DATTELN HAMMSIEG

## اگست

KAISERSLAUTERN, AUGSBURG, IDAROBER STEIN NORD HOLZ, RATINGEN, STUTTGART, MANNHEIM DAUN, BADNEUHEIM, PFARRKIRCHEN, STADE, TRIER, HAMMSIEG, GUTLETH, GIESSEN, UNI.CENTER, SCHWALBACH, OLDENBURG, SCHLÜCHTERN.

## شعبہ تحریک جدید

صدران: عشرہ تحریک جدید میں کام کی رپورٹیں جلد ارسال فرمائیں۔

• ماہ اکتوبر کے دوران جسقدر چندہ تحریک جدید موصول ہو اُس کو ۲۵ اکتوبر تک جماعتی اکاؤنٹ میں جمع کروا دیں۔ اس کے بعد ٹرانسفر کی صورت میں یہ چندہ اس مالی سال میں شامل نہ ہو سکے گا بلکہ آئندہ سال تحریک جدید میں شمار ہوگا۔ اس لئے اس بارے میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔

## صدران متوجہ ہوں!

جملہ صدرانِ جماعت مغربی جرمنی کی خدمت میں گذارش ہے کہ ہر شعبہ سے متعلق جماعتی کاموں کیلئے مجھے براہ راست کہنے کی بجائے پہلے مختلف نیشنل سیکرٹریان سے رابطہ کیا کریں۔ شکریہ۔

آپ کے استفادہ کیلئے نیشنل مجلس عاملہ کی ایک فہرست بمع ٹیلی فون نمبرز شائع کی جارہی ہے۔

(عبداللہ واگس ہاؤزر)

امیر جماعت

| نام | عہدہ | ٹیلیفون نمبر |
| --- | --- | --- |
| مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب | امیر جماعت | 06152-81777 |
| مکرم محمد شریف خالد صاحب | نائب امیر جماعت | 06074-26246 |
| مکرم عبدالرحیم احمد صاحب | جنرل سیکرٹری | 069-681485<br>06152-81777 |
| مکرم مبشر احمد باجوہ صاحب | سیکرٹری امور عامہ | 06074-23319 |
| مکرم سید محمد احمد گردیزی صاحب | سیکرٹری مال | 069-502930 |
| مکرم عبدالرحمٰن مبشر صاحب | سیکرٹری اصلاح و ارشاد | 069-781311 |
| مکرم عرفان احمد خان صاحب | سیکرٹری تحریک جدید و وقف جدید، مالی تحریکات | 069-398930 |
| مکرم امجد احمد صاحب | سیکرٹری پریس، یوتھ اسٹوڈنٹ، امور طلبہ | 069-681757 |
| مکرم قاضی طاہر احمد صاحب | سیکرٹری رشتہ ناطہ | 06074-32941 |
| مکرم سید سلیم احمد گیلانی صاحب | (قائمقام) سیکرٹری تعلیم و تربیت | 069-685893 |
| مکرم مقصود احمد طاہر صاحب | سیکرٹری سمعی و بصری | 069-684658 |
| مکرم محمد اسمٰعیل نوری صاحب | (قائمقام) سیکرٹری تصنیف | 069-7894819 |
| مکرم رفیق احمد خالد صاحب | رر سیکرٹری ضیافت | 069-704298 |
| مکرم سلطان احمد صاحب ملک | رر سیکرٹری مینٹیننس | 06131-231255 |

## ایڈریس درکار ہے!

• مکرم عزیز اللہ خان صاحب آف راولپنڈی اور محترمہ امۃ السبوح بنت میجر عبدالرحمٰن صاحب مغل آف راولپنڈی کا جرمنی کا ایڈریس درکار ہے۔ از راہ کرم خاکسار کو بھجوا کر یا درج ذیل ٹیلیفون پر رابطہ کر کے ممنون فرمائیں۔

(عرفان احمد خان 069/398930)

## جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی

جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کی تقریبات انشاء اللہ ماہ مارچ ۱۹۸۹ء سے شروع ہو جائیں گی۔ اس بارے میں مختلف پروگرام زیر غور ہیں۔ جو احباب اس بارے میں تجاویز بھجوانا چاہتے ہوں وہ سیکرٹری پلاننگ کمیٹی صد سالہ جوبلی کے نام نور مسجد فرینکفورٹ کے ایڈریس پر اپنی تجاویز ارسال کریں۔ جماعت احمدیہ کے جرمن مشن کے قیام سے لیکر اب تک کی تقریبات پر مشتمل ایک فائنل البم زیر ترتیب ہے۔ بعض احباب کے پاس بہت سی نادر تصاویر موجود ہوتی ہیں۔ ایسے دوستوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تصاویر ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔

(عرفان احمد خان۔ سیکرٹری صد سالہ پلاننگ کمیٹی)

## ہنرمند احباب سے ضروری گذارش

جیسا کہ احباب جماعت کو علم ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے مغربی جرمنی میں ۵ مقامات پر مشنز کی عمارات موجود ہیں جن میں وقتاً فوقتاً تعمیر و مرمت کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس سلسلہ میں جو احباب مختلف امور مثلاً الیکٹریشن، پینٹر، پائپ فٹر، کارپینٹر، سائن بورڈ کی کتابت، میسن، پیپر لگانا۔ اس طرح ہر وہ ہنر جس سے آپ سمجھتے ہوں کہ جماعت کی خدمت ہو سکتی ہے وہ اپنے اسماء فوری طور پر خاکسار کو بھجوا دیں تاکہ اُن کی خدمات سے استفادہ حاصل کیا جا سکے۔ اس وقت لکڑی کا کام کرنے والے ماہرین کی فوری ضرورت ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(امیر جماعت مغربی جرمنی)

## خصوصی توجہ کی ضرورت

احباب جماعت عام طور پر صدقات، تعلیمی وظائف اور درویش فنڈ قادیان بھجوانے کی غرض سے ارسال کرتے تھے اب ایک عرصہ سے اس میں کمی آگئی ہے۔ ناظر اعلیٰ قادیان نے اپنے حالیہ خط میں احباب جماعت جرمنی سے درخواست کی ہے کہ ان امور کی طرف پہلے سے زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔ اس لیئے احباب جرمنی کثرت سے ان مدات میں رقوم ارسال کریں۔

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ

# پروگرام تیسرا سالانہ یورپین اجتماع

## پہلا دن — 24 اکتوبر — جمعہ

| | |
|---|---|
| ۹-۰۰ تا ۱۱-۰۰ | تمام خدام و اطفال شعبہ استقبال میں رجسٹریشن کرائینگے |
| ۱۱-۰۰ تا ۱۱-۳۰ | معائنہ مقام اجتماع - نائب صدر خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی |
| ۱۱-۳۰ تا ۱۳-۰۰ | کھانا - تیاری نماز جمعہ و عصر |
| ۱۳-۰۰ تا ۱۴-۰۰ | نماز جمعہ و نماز عصر |
| ۱۴-۰۰ تا ۱۴-۳۰ | پرچم کشائی - صرف نیشنل اور مقامی قائدین اس میں شامل ہونگے |
| ۱۴-۳۰ تا ۱۵-۰۰ | افتتاح - حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں درخواست کیگئی ہے |
| ۱۵-۰۰ تا ۱۶-۰۰ | تلاوت - عہد - نظم |
| ۱۶-۰۰ تا ۱۷-۳۰ | علمی و ورزشی مقابلہ جات - کلائی پکڑنا - گولہ پھینکنا اونچی چھلانگ - لمبی چھلانگ - (اسی دوران پنڈال میں مقابلہ اذان و تلاوت ہوگا) |
| ۱۷-۳۰ تا ۱۹-۰۰ | کھانا و تیاری نماز مغرب و عشاء |
| ۱۹-۰۰ تا ۱۹-۳۰ | نماز مغرب و عشاء |
| ۱۹-۳۰ تا ۱۹-۵۰ | تقریر - ذکرِ حبیب - |
| ۱۹-۵۰ تا ۲۲-۰۰ | مجلس شوریٰ |

## دوسرا دن — 25 اکتوبر — ہفتہ

| | |
|---|---|
| ۵-۰۰ تا ۵-۴۵ | نمازِ تہجد |
| ۵-۴۵ تا ۶-۴۵ | نماز فجر و درس قرآن کریم و درس حدیث |
| ۶-۴۵ تا ۷-۱۵ | ورزش |
| ۷-۱۵ تا ۸-۰۰ | وقفہ |
| ۸-۰۰ تا ۹-۳۰ | ناشتہ و تیاری اجتماع (ناشتہ مسجد نور میں دیا جائیگا) |
| ۹-۳۰ تا ۱۲-۳۰ | ورزشی مقابلہ جات - فٹ بال، والی بال، دوڑ سو میٹر، پندرہ سو میٹر، چار سو میٹر ریلے ریس (یہ مقابلہ جات مسجد نور کے بالمقابل گراؤنڈ میں ہونگے) |
| ۱۲-۰۰ تا ۱۴-۳۰ | کھانا و نماز ظہر و عصر (اس دوران مقابلہ مشاہدہ معائنہ ہوگا) |
| ۱۴-۳۰ تا ۱۶-۰۰ | علمی مقابلہ جات - (نظم - تقریری مقابلہ اردو - انگلش - جرمن) |
| ۱۶-۰۰ تا ۱۶-۳۰ | پرچہ عام دینی معلومات - |
| ۱۶-۳۰ تا ۱۷-۳۰ | ورزشی مقابلہ جات - والی بال، رسہ کشی (اس دوران ویٹ لفٹنگ اور پیغام رسانی کا مقابلہ بھی ہوگا) |
| ۱۸-۰۰ تا ۱۹-۳۰ | کھانا و نماز مغرب و عشاء - |
| ۱۹-۳۰ تا ۲۰-۱۵ | تقریری مقابلہ معیارِ خاص |
| ۲۰-۱۵ تا ۲۲-۰۰ | مجلس سوال و جواب |

## تیسرا دن — 26 اکتوبر — اتوار

| | |
|---|---|
| ۵-۰۰ تا ۵-۴۵ | نماز تہجد |
| ۵-۴۵ تا ۶-۴۵ | نماز فجر، درس قرآن کریم، درس حدیث |
| ۶-۴۵ تا ۷-۱۵ | ورزش |
| ۸-۰۰ تا ۹-۳۰ | تیاری اجتماع و ناشتہ |
| ۹-۳۰ تا ۱۰-۱۰ | تلقین عمل (نیشنل قائدین تقاریر کرینگے) |
| ۱۰-۱۰ تا ۱۱-۰۰ | مقابلہ عام دینی معلومات (زبانی) |
| ۱۱-۰۰ تا ۱۱-۳۰ | تقاریر مبلغین کرام - |
| ۱۱-۳۰ تا ۱۲-۳۰ | فائنل ورزشی مقابلہ جات (کبڈی) |
| ۱۲-۳۰ تا ۱۵-۱۵ | کھانا و نماز ظہر و عصر - |

### اختتامی اجلاس

| | |
|---|---|
| ۱۵-۱۵ تا ۱۵-۴۵ | تلاوت و نظم - |
| ۱۵-۴۵ تا ۱۶-۰۵ | تقریر امیر صاحب مغربی جرمنی - |
| ۱۶-۰۵ تا ۱۶-۳۰ | تقریر نائب صدر خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی |
| ۱۶-۳۰ تا — | اختتامی خطاب (حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں درخواست کی گئی ہے) تقسیم انعامات، عہد، دعا۔ |

# پرخلوص دعاؤں کے ساتھ الوداع!

عزیز از جان احباب جماعت مغربی جرمنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ سیدنا حضرت اقدس امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالٰی کے ارشاد کے مطابق محترم ملک منصور احمد صاحب عمر مبلّغ انچارج مغربی جرمنی عنقریب بمع فیملی پاکستان تشریف لے جا رہے ہیں

خاکسار (امیر جماعت) اس موقع پر محترم ملک صاحب موصوف کو پُرخلوص الوداع کہتا ہے۔ مکرم ملک صاحب موصوف کی تین سالہ کوششوں سے یہ ممکن ہو سکا کہ تبلیغی میدان میں جماعت جرمنی کو نیک شہرت حاصل ہوئی۔ یہاں ایک صفحہ پر ان تمام خدمات کا ذکر نہیں کیا جا سکتا۔

سیدنا حضور اقدس ایدہ اللہ تعالٰی نے مختلف مواقع پر از راہِ شفقت جماعت جرمنی کا اچھے رنگ میں ذکر فرمایا۔ پوری جماعت کو یاد دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ ملک صاحب کا شکریہ ادا کرنے کیساتھ ساتھ تبلیغی مساعی جاری رکھنے کا عزم کریں اور نئے احمدی ہونیوالے دوستوں کی تربیت کا خیال رکھیں۔

سیدنا حضرت اقدس امیر المؤمنین ایدہ اللہ نے چوہدری محمد شریف خالد صاحب کا تقرر بطور نائب امیر جماعت احمدیہ جرمنی فرمایا ہے اور سرِدست کوئی مبلّغ، ملک صاحب کی جگہ تعینات نہیں کئے گئے۔ امیر جماعت، نائب امیر صاحب کی مدد کیساتھ جماعتی معاملات کی نگرانی کریں گے۔

ایک دفعہ پھر محترم ملک منصور احمد صاحب عمر کی خدمت میں پُرخلوص الوداع۔ مستقبل کی تمام ذمہ داریوں کی احسن ادائیگی کیلئے جماعت جرمنی کی دعائیں اِنشاءَ اللہ اُنکے ساتھ رہیں گی۔

والسلام

خاکسار

عبداللہ واگس ہاؤزر

امیر جماعت مغربی جرمنی

01.10.1986

---

## عناوین تقاریر برائے یورپین اجتماع

1. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داعی الی اللہ کی حیثیت سے
2. اِنّی مُھِیْنٌ مَنْ اَرَادَ اِھَانَتَکَ۔
3. خلافتِ احمدیہ اور غلبۂ اسلام
4. اے میرے فلسفیو! زورِ دُعا دیکھو تو۔
5. اپنی اس عمر کو اک نعمتِ عظمیٰ سمجھو۔

## سرکلر خدام کی تصحیح

قائدین یورپین اجتماع پر مجلس شوریٰ کیلئے نمائندگان شوریٰ کا انتخاب 10 کی کسر کی بجائے 20 کی کسر پر کروائیں۔ اگر کسی مجلس میں 20 خدام نہیں تو پھر قائد مجلس ہی شوریٰ کا نمائندہ ہوگا۔

(نیشنل قائد)